# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 12 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ جدید ترین بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں بھارت کی چھلانگ پائیداری اور دُور اندیشی پر مبنی ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ مرکزی حکومت نے کھانے کے کچے تیل کی Import Duty کو 10% کم کرنے کا کیا فیصلہ۔

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کو کرنل کمانڈنٹ کا اعزازی خطاب۔

☆ رشتہ طئے کرنے کے نام پر مالی دھوکہ دینے والی ٹولی بیڑ میں گرفتار۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں تیز ہواؤں کے سبب ہونے والے حادثے میں دو خواتین کی موت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جدید ترین بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں بھارت کی چھلانگ پائیداری اور دور اندیشی پر مبنی ہے۔ وزیرِ اعظم نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں کہا کہ انفراسٹرکچر کے شعبے میں انقلاب کے گیارہ برس مکمل ہوگئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت فلاحی ترقی کیلئے پُر عزم ہے۔ روزگار اور محنت کے مرکزی وزیر من سکھ مانڈویہ کے سوشل میڈیا پر پیغام کا جواب دیتے ہوئے مودی نے یہ بھی یقین دلایا کہ حکومت کی جانب سے شروع کی گئی فلاحی اسکیمات زیادہ سے زیادہ شہریان تک پہنچیں گی۔

***** ***** *****

گذشتہ 11 برسوں میں خدمت، بہترین حکمرانی اور غریبوں کی فلاح و بہبود کے اُصولوں کے ذریعے ملک کے شہریوں کے معیارِ زندگی میں بنیادی تبدیلی آئی ہے۔ اس حوالے سے مختلف معززین نے کچھ اس طرح جائزہ لیا:

**Voice Cast**

*" مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی جانب سے بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کے شعبے میں انقلاب کی وجہ سے بھارت بدل گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں شاہ نے نشاندہی کی کہ ان سہولیات کے سبب تجارتی لین دین پہلے سے کہیں زیادہ بہتر ہوگیا ہے۔*

*شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر مرلی دھر موہوڑ نے اس بات پر فخر کا اظہار کیا ہے کہ بھارت وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں چوتھی سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے۔ وزیرِ موصوف کل ناسک میں بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ناسک کے ہوائی اڈّے کو کمبھ میلے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے تیار کیا جائے گا۔*

*اسی طرح تلجاپور کے رکنِ اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے کہا ہے کہ گذشتہ گیارہ برسوں میں ترقی یافتہ بھارت کے مستقبل کو مدِنظر رکھتے ہوئے شہریوں کو خود مکتفی بنانے کی خاطر ٹیکنالوجی کی مدد سے ترقی کو تیز کرنے کا کام کیا گیا ہے۔ پاٹل کل دھاراشیومیں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ دھاراشیومیں گذشتہ گیارہ برسوں میں کیے گئے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے پاٹل نے کئی اسکیمات کی معلومات دیں جواس وقت جاری ہیں۔*

*وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایک کاروباری ویویک دیشپانڈے نے گذشتہ گیارہ برسوں میں ٹرانسپورٹیشن کے شعبے کے بنیادی ڈھانچے میں ترقی کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا کہ مودی حکومت کے گیارہ برسوں کے دوران 23 شہروں میں میٹرو ریلوے خدمات ایک ہزار کلومیٹر تک فراہم کی جارہی ہیں۔ طیران گاہوں کی تعداد پہلے 74 تھی جبکہ اس دوران 160 ہوائی اڈّوں کی تعمیر مکمل کی جاچکی ہے۔ راستوں اور شاہراہوں کی لمبائی جو گیارہ برس پہلے نو ہزار 100 کلومیٹر تھی اب ایک لاکھ 47 ہزار کلومیٹر ہوچکی ہے۔ وہیں گذشتہ گیارہ برسوں میں عالمی سطح کی وندے بھارت ریلوے خدمات اور 13 سو سے زیادہ ریلوے اسٹیشنز کی ترقی وآرائش مودی حکومت کے دور میں کی گئی۔''*

***** ***** *****

مسافروں کیلئے اب ریل گاڑیوں کے 'تتکال ٹکٹ' بک کرنے کیلئے آدھار سے منسلک OTP رجسٹر کرنا لازمی ہوگا۔ IRCTC App کے ذریعے بھی تتکال ٹکٹ کی بکنگ کے دوران متعلقہ اکاؤنٹ کا آدھار سے لنک ہونا ضروری ہوگا۔ اس پر ماہِ جولائی سے عمل آوری شروع کردی جائے گی۔ مسافر یا ریلوے ایجنٹ کے ذریعے ریلوے اسٹیشن کے ٹکٹ کاؤنٹر پر ٹکٹ بک کرنے کے دوران موبائل نمبر پر موصول ہونے والے OTP کی تصدیق آئندہ 15 جولائی سے ضروری ہوگی۔ ریلوے محکمے نے بتایا کہ تتکال ٹکٹس کی بکنگ شروع ہونے کے بعد پہلے آدھے گھنٹے میں ایجنٹس ٹکٹ بک نہیں کرسکیں گے۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے کھانے کے کچے تیل پر امپورٹ ڈیوٹی کو 20 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے تحت سورج مکھی، سویا بین اور پام آئیل سمیت کچے اور ریفائنڈ تیل پر امپورٹ ڈیوٹی کم کردی گئی ہے۔ صارفین کے اُمور، خوراک اور عوامی تقسیم کی مرکزی وزارت نے کھانے کا تیل بنانے والی کمپنیوں کو ڈیوٹی میں کمی کا فائدہ صارفین تک پہنچانے کی ہدایت دی ہے۔ اسی بیچ مرکزی وزارتِ خزانہ نے وضاحت کی ہے کہ UPI لین دین پر مرچنٹ ڈسکاؤنٹ ریٹ MDR لگانے کی خبریں بے بنیاد ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت ''HomeAwayFromHome'' کے تصور پر مبنی اطالوی کمپنیوں کیلئے صنعتی علاقے تیار کرے گی۔ تجارت اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے اپنے اٹلی کے دورے کے بیچ یہ اطلاع دی۔ ریاست میں ان صنعتی علاقوں کیلئے ممبئی کے قریب ''دِگھی'' اور چھترپتی سمبھاجی نگر کے ''آرِک سٹی'' کو چُنا گیا ہے۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کو کل 'کرنل کمانڈنٹ' کے اعزازی خطاب سے نوازا گیا۔ مرکزی وزارتِ دفاع کے تحت نیشنل کیڈیٹ کارپس (NCC) چھترپتی سمبھاجی نگر کے گروپ کمانڈر بریگیڈیئر اے. جی بار برے نے ڈاکٹر پھلاری کو کرنل کمانڈنٹ کی ڈگری اور ساتھ ساتھ این سی سی کے ڈائریکٹر جنرل، لیفٹیننٹ جنرل گُربیر پال سنگھ کی طرف سے اس خصوص میں ایک خط پیش کیا۔ یہ خطاب وائس چانسلر پھلاری کو این سی سی میں ان کی خدمات کیلئے دیا گیا۔ وائس چانسلر پھلاری نے کہا کہ یہ یونیورسٹی کو دیا گیا اعزاز ہے اور وہ اسے یونیورسٹی کے نام وقف کرتے ہیں۔

***** ***** *****

آئندہ 21 جون کو گیارہواں بین الاقوامی یوگا دِن منایا جائے گا۔ اس تناظر میں ہم آج یوگا انسٹیٹیوٹ آف انڈیا کے چھتر پتی سمبھا جی نگر شاخ کے گروپ ہیڈ سریش شیلکے کے ذریعے ''ورکشاسن'' کے بارے میں معلومات دی گئی۔ انھوں نے بتایا کہ ورکشاسن کرنے سے نسیں کھلتی ہیں اور قوتِ ارتکاز میں اضافہ ہوتا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں آنگن واڑیوں کو قابل آنگن واڑیوں کے طور پر تیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ اطلاع ضلع پریشد کی چیف ایگزیکٹیو افسر اور ایڈمنسٹریٹر میگھنا کاوَلی نے دی۔ انھوں نے بتایا کہ فی الحال یہ پائلٹ پروجیکٹ ضلع کے ہر تعلقے سے پانچ اور کُل 80 آنگن واڑیوں میں چلایا جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع میں رشتہ طئے کرنے کے بہانے مالی دھوکہ دینے والی سات افراد پر مشتمل ٹولی کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اس گروہ نے آشٹی تعلقے کے کارخیل بدرک اور وڑونی میں ایک نوجوان کو دھوکہ دیکر نو لاکھ روپئے لوٹے تھے۔ اس معاملے کی تفتیش کے دوران یہ گروپ پولس کے ہتھے چڑھ گیا۔

***** ***** *****

کل شام چھتر پتی سمبھا جی نگر میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی، جس کی وجہ سے میونسپل کارپوریشن کے سدھارتھ گارڈن کے گیٹ کی کمان دو خواتین سیاحوں پر گرگئی، جس سے ان کی موت ہوگئی۔ تیز ہواؤں کے سبب شہر میں کئی مقامات پر درخت اُکھڑ گئے۔ ایسے ہی ایک واقعے میں سڑک پر چلتی ہوئی ایک خاتون پر درخت کی شاخ گرنے سے وہ زخمی ہوگئی۔ بیڑ اور جالنہ اضلاع میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار بارش ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے رابطہ وزیر اتل ساوے نے ناندیڑ ضلع میں طوفان اور بارش سے ہونے والے نقصانات کے فوری پنچنامے کرنے کی ہدایت دی ہے۔ ساوے نے بتایا کہ اس سلسلے میں حکومتی سطح پر فیصلہ کیا جائے گا اور متاثرین کی فوری مدد کی جائیگی۔

***** ***** *****

آئندہ 14 جون تک مراٹھواڑہ کے بیشتر علاقوں میں تیز ہواؤں، بجلی کی چمک اور بادلوں کی گرج کے ساتھ ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے۔ شمالی مہاراشٹر اور ممبئی میٹرو پولیٹن علاقوں کے علاوہ تمام ریاست میں آئندہ تین دِنوں کے دوران یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ موسمی بارش مانسون آئندہ 15 جون کے بعد ہی مکمل طور پر فعال ہونے کا امکان ہے۔ اس لیے ریاستی حکومت کے محکمۂ زراعت نے کسانوں سے بیج بونے میں جلدی نہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

کسانوں کے مختلف مطالبات کو لیکر شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے کل چھتر پتی سمبھا جی نگر میں ٹریکٹر مارچ نکالا گیا۔ اس بیچ قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے رہنماء امباداس دانوے نے شہر میں ایک صحافتی کانفرنس کی اور حکومت کی جانب سے کسانوں سے کیے گئے وعدے پورے نہ کرنے پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

***** ***** *****

حضور صاحب ناندیڑ سے پنجاب کے فیروز پور کینٹ جنکشن تک ایک نئی ہفتے واری ٹرین کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ ٹرین 15 جون سے ہر اتوار کی صبح ناندیڑ سے اور ہر جمعہ کی دو پہر فیروز پور سے روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ جدید ترین بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں بھارت کی چھلانگ پائیداری اور دُور اندیشی پر مبنی ہے: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ مرکزی حکومت نے کھانے کے کچے تیل کی Import Duty کو 10% کم کرنے کا کیا فیصلہ۔

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر وجے پھلاری کو کرنل کمانڈنٹ کا اعزازی خطاب۔

☆ رشتہ طئے کرنے کے نام پر مالی دھوکہ دینے والی ٹولی بیڑ میں گرفتار۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں تیز ہواؤں کے سبب ہونے والے حادثے میں دو خواتین کی موت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****